محمد فرید قتل کے باقی 4 مجرموں کو جلد گرفتار کیا جائے

مختلف مطالبات کے تحت سماجوادی پارٹی کے وفد کا ایس ایس پی کو میمورنڈم

محمد احمد شیون

علی گڑھ (ایس این بی)



ایس پی کا وفد ہجومی تشدد معاملے میں جلد کارروائی کے لئے علی گڑھ ایس ایس پی سے ملاقات کر کے عرضداشت پیش کرتے ہوئے۔ (تصویر: ایس این بی)

سماج وادی پارٹی کے شہر صدر عبدالحمید گھوسی کی صدارت میں سماج وادی پارٹی کے رہنماؤں نے علی گڑھ 18 جون کو ماموں بھانجا علاقہ میں ہجومی تشدد کے ذریعہ محمد فرید عرف اورنگزیب کو پیٹ پیٹ کر ہلاک کرنے کے بعد، تمام نامزد ملزمان کے خلاف کارروائی کے مطالبہ اور ماحول کو خراب کرنے کرنے والوں پر کارروائی کے بجائے شہر کے ماحول کو خراب ہونے سے بچانے میں اہم کردار ادا کرنے والے سیاسی رہنماؤں پر درج کیے گئے مقدمہ کے خلاف احتجاج درج کرایا گیا، ساجوادی پارٹی کے وفد نے حکومت اور ان تمام سنگین مسائل کے حوالے سے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سے ملاقات کی اور ایک میمورنڈم دیا، جس میں مطالبات کیے گئے کہ مذکورہ معاملے میں باقی چار ملزمان کو جلد گرفتار کیا جائے اور دفعات میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے ساتھ ہی ملزمان کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے، وہیں متاثرہ خاندان کو ایک کروڑ روپے کا معاوضہ دیا جائے اور متاثرہ خاندان کے ایک فرد کو سرکاری نوکری ملنی چاہیے، مرحوم کی والدہ کو بھی پنشن ملنی چاہیے، مرنے والے کے لواحقین کے لیے سیکورٹی کا انتظام ہونا چاہیے تاکہ ان پر کوئی دباؤ نہ پیدا ہو۔ ساتھ ہی ساجوادی پارٹی کے لیڈر اجو اسحاق کے خلاف درج مقدمہ ہٹایا جائے یا ان حکمرانوں کے خلاف بھی مقدمہ درج کریں جنہوں نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی کی، سڑک بلاک کی نفرت پھیلانے کے لیے نعرے لگائے، اشتعال انگیز باتیں کیں، ان پر ابھی تک مقدمہ کیوں نہیں ہوا۔ میمورنڈم دینے والوں میں خاص طور پر ریاستی سکریٹری ونود سویتا، سابق ضلع صدر اشونی شرما، سابق ضلع صدر اشوک یادو، سابق ضلع صدر شیشوپال سنگھ یادو، سابق ایم ایل اے ٹھاکر راکیش سنگھ، ضلع جنرل سکریٹری منوج یادو، ضلع نائب صدر شان میاں، ضلع نائب صدر اور ترجمان ڈاکٹر بادشاہ خان، ریاستی سکریٹری سریندر سنگھ نائک، ضلع خزانچی راجیش یادو، سابق بلاک چیف ٹھاکر تیجویر سنگھ، سابق ضلع جنرل سکریٹری کنور بہادر بگھیل، ریاستی سکریٹری اقلیتی انعام الحق، منوج چودھری، جیکی ٹھاکر، پپو پردھان، آئی پی کشیپ، شاکر انصاری، گڈا یادو، پرشانت والمیکی، پنکج یادو، للت کانت، اندو یادو۔ سنگھ جی، امیش سریواستو، سنی سرسوات، کونسلر اسلم نور، کونسلر حفیظ عباسی، کونسلر نعیم خان، کونسلر یونس ملک، سفیان انصاری، ونیت یادیو، کونسلر دلشاد خان، کونسلر للوہ خان، کونسلر محمد عثمان خان، کونسلر میاں بیوی عقیل علوی، کونسلر صدام اشرفی، کونسلر طارق ملک، کونسلر عادل انصاری، کونسلر مطالب قریشی، کونسلر گلفام، کونسلر مطالب قریشی، کونسلر میاں صدام اشرفی، کونسلر طارق ملک، کونسلر مطالب قریشی، کونسلر محمد عثمان خان، کونسلر میاں صدام اشرفی، کونسلر نور عباسی، کونسلر میاں جاوید ملک، وسیم رانا، اسرار سولنکی، عامر عابد، راکیش یادیو، ڈاکٹر امیش بگھیل، ڈاکٹر مسلم علوی، پربھات سویتا جی، محمد جاوید، عتیق چوہان جی، سلمان سلمانی، عرفان خان کے ساتھ ایم اے خان گاندھی، رئیس غازی، محمد عمر، شیلوٹھاکر، نریش چودھری، راجیش مہور، آشوسیفی، درجنوں کارکنان موجود تھے۔ آخر میں ریاستی سکریٹری آچاریہ پورنمل پرجاپتی جی نے بھی شرکت کی۔

☆ دفعات میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔
☆ متاثرہ خاندان کو ایک کروڑ روپے کا معاوضہ دیا جائے۔
☆ ایک فرد کو سرکاری نوکری ملنی چاہیے۔
☆ مرحوم کی والدہ کو بھی پنشن ملنی چاہیے۔
☆ لواحقین کے لیے سیکورٹی کا انتظام ہونا چاہیے۔
☆ اجو اسحاق کے خلاف درج مقدمہ ہٹایا جائے

تاجر کی گاڑی سے ہوئی لاکھوں کی چوری کا معمہ حل!

3 افراد گرفتار، 9 لاکھ کی نقدی، 2 موبائل فون اور بائک برآمد

عارف انصاری

ہاپوڑ (ایس این بی)

تھانہ دیہات حلقہ کے نوین منڈی سے ہاپوڑ کے تاجر کی گاڑی سے ہوئی لاکھوں کی چوری کا انکشاف کرتے ہوئے تھانہ دیہات اور ایس او جی ٹیم نے 3 شاطر چوروں کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے چوری کئے گئے 9 لاکھ 16 ہزار روپے، چوری کی رقم سے خریدے گئے 2 موبائل فون سمیت 4 موبائل فون، ایک بیگ اور واردات میں استعمال بائک برآمد کی۔ گرفتار چوروں کے ذریعہ منڈی تاجروں کی مسلسل ریکی کی جارہی تھی اور ان لوگوں نے موقع پاکر 20 جون کو دیہات حلقہ میں تاجر کی گاڑی سے 12 لاکھ 50 ہزار روپے کی چوری کی واردات کو انجام دیا تھا۔ ایس پی ابھشیک ورما نے بتایا کہ تاجر کے ساتھ ہوئی چوری کی واردات میں شامل 3 شاطر چوروں کو قومی شاہراہ واقع میرٹھ کٹ کے نزدیک سے پولیس نے گرفتار کرلیا۔ پولیس نے چوروں کے قبضہ سے کاروباری کی گاڑی سے چوری کی گئی رقم میں سے 9 لاکھ 16 ہزار روپے، چوری کی رقم سے خریدے گئے 2 موبائل سمیت 4 موبائل فون، ایک بیگ اور چوری میں استعمال کی گئی بائک برآمد کی ہے۔ گرفتار چور آلوک ولد روندر سنگھ، امن ولد سنجے اور ابھشیک ولد سنجے ساکن محلّہ گڑھی تھانہ پلکھوا ضلع ہاپوڑ بتائے گئے ہیں۔ ایس پی نے بتایا کہ گرفتار چور مسلسل کئی روز سے منڈی میں آنے والے تاجروں کی ریکی کر رہے تھے اور موقع پر پاکر چوروں نے ہاپوڑ کے ایک تاجر کی گاڑی سے 12 لاکھ 50 ہزار روپے سے بھرا بیگ چوری کرلیا تھا۔ اس معاملہ میں تھانہ دیہات پولیس اور ایس او جی ٹیم کو لگایا گیا تھا۔ دیر شب ایس او جی ٹیم اور تھانہ دیہات پولیس نے چوری کی واردات کو انجام دینے والے شاطر چوروں کو دبوچ لیا۔

سڑک حادثہ میں باپ بیٹے کی موت 3 شدید زخمی

نور پور (ایس این بی)

حلقہ تھانہ نور پور کے گاؤں لنڈر پور کے پاس سبزی سے بھری پک اپ اور ٹرک کے تصادم میں باپ بیٹے کی موت ہوگئی، جبکہ 3 لوگ شدید طور پر زخمی ہوگئے ہیں۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بجنور بھیج دیا ہے۔ تھانہ انچارج دھریندر سنگھ نے پولیس فورس کے ساتھ موقع کا معائنہ کیا۔

تفصیلات کے مطابق مہلوک کے بیٹے سہدیو سنگھ کے ذریعہ تھانہ نور پور کو دی گئی تحریر کے مطابق والد بھودیو سنگھ اور بھائی منیش کمار باشندہ مٹھاپور تھانہ دھنورہ منڈی ضلع امروہہ پک اپ میں سبزی لے کر دھامپور جارہے تھے۔ راستہ میں لنڈر پور تھانہ نور پور کے پاس پیچھے سے آرہے ٹرک نے اوورٹیک کرکے اچانک بریک ماردیے جس کی وجہ سے پک اپ گاڑی ٹرک میں جاگھسی۔ حادثہ میں باپ بھودیو سنگھ اور بھائی منیش کی موت ہوگئی، جبکہ پک اپ میں سوار مہیندر سنگھ، کھیم سنگھ اور ڈرائیور دھیرج سنگھ، ولد لال سنگھ سینی شدید طور پر زخمی ہوگئے ہیں۔

سرکاری اسپتالوں میں مریضوں کا علاج و دیکھ بھال معیاری ہونی چاہیے

ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کی محکمہ جاتی میٹنگ میں ڈی ایم کی متعلقہ محکموں کے افسران کو ضروری ہدایات

بلند شہر (زبیر شاد / ایس این بی)

آج کلکٹریٹ میں ڈی ایم کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی گورننگ باڈی کی جانب سے یکم جولائی سے 31 جولائی 2024 تک موسمی بیماریوں اور دستک مہم کی ایک بین محکمہ جاتی میٹنگ منعقد ہوئی۔ جس میں ضلع مجسٹریٹ چندر پرکاش سنگھ نے جنی تحفظ یوجنا کے تحت ڈلیوری اور نس بندی میں کمی پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے ہدف کے مطابق سو فیصد ڈلیوری اور نس بندی کو مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔ اس کے علاوہ ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ سیزیرین ڈلیوری خدمات صرف سی ایچ سی میں دستیاب ہوں اور آشا سنگینی حاملہ خواتین کو کھانے کی عادات، ہیموگلوبن کی گولیاں فراہم کرائیں۔ ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں کی او پی ڈی میں آنے والے مریضوں کا علاج اور دیکھ بھال معیاری ہونی چاہیے، کیونکہ غریب اور متوسط طبقے کے لوگ زیادہ تر سرکاری اسپتالوں میں آتے ہیں۔ حاملہ خواتین کو ڈلیوری کے لیے پرائیویٹ اسپتالوں میں لے جانے والی آشا کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری ہسپتالوں میں واٹر کولر، پنکھے، بستروں، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ کسی مریض کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ضلع مجسٹریٹ نے تمام ڈاکٹروں کو ہدایت جاری کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کے اسکولوں اور آنگن واڑی مراکز میں طلبہ کی صحت کی جانچ کرنے، بچوں کو ٹیکے لگوانے اور تپ دق کے مریضوں اور نیشنل چائلڈ ہیلتھ مشن کے تحت صحت سے متعلق انتظامات کا معائنہ کرنے کے لیے مہم چلائیں۔ میٹنگ میں ضلع مجسٹریٹ نے آیوشمان کارڈ کی سست رفتاری پر برہمی کا اظہار کیا اور اس کام کو جلد مکمل کرنے اور ہیلتھ اینڈ ویلنس سینٹر میں کمرے کی تعمیر اور ایچ ڈبلیو سی سب مراکز عمارت کے کام کو مکمل کرنے کی ہدایات دیں۔

میٹنگ کے دوران ضلع مجسٹریٹ نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ گورنمنٹ آرڈر کی دفعات کے مطابق ضلع بھر میں مہم کو تیز رفتاری سے چلائی جائے۔ علاوہ ازیں ضلع مجسٹریٹ نے میٹنگ میں غیر حاضر افسران سے وضاحت طلب کی اور ایک دن کی تنخواہ کاٹنے کی ہدایات دیں۔ میٹنگ میں موجود ڈاکٹر عبدالرشید کو ضلع مجسٹریٹ نے نیشنل بلائنڈنس اینڈ ویژول ڈیفیکٹ کنٹرول پروگرام اتر پردیش کے تحت سال 24-2023 میں ڈاکٹر عبدالرشید کے ذریعہ موتیا بند کے 2633 آپریشن کامیابی کے ساتھ انجام دینے پر ریاست میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اعزاز سے نوازا۔

چیف ڈیولپمنٹ آفیسر کلدیپ مینا نے کہا کہ وبائی امراض اور گردن توڑ بخار پر کامیابی سے قابو پانے کے لیے متعلقہ محکموں کے درمیان مناسب تال میل ہونا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ صفائی کے بہتر انتظامات کو یقینی بنایا جائے اور کیریئر کنٹرول سرگرمیوں کو بڑے پیمانے پر منظم کیا جائے۔ انہوں نے عوامی بیداری پھیلانے کے سلسلے میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو ضروری ہدایات دیں۔

'سبھی اسکول ترجیحی بنیادوں پر کام مکمل کرنے کو یقینی بنائیں'

بجنور (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ انکت کمار اگروال کی صدارت میں منعقد میٹنگ میں ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ آپریشن کایا کلپ کے تحت جو اسکول مقررہ معیار کے مطابق کام مکمل نہیں کر پائے ہیں، وہ ترجیحی بنیادوں پر کام مکمل کرنے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے متعلقہ افسر کو ہدایت دی کہ وہ اسکولوں کا معائنہ کریں اور نامکمل کاموں کو جلد از جلد مکمل کرائیں۔ انہوں نے ہدایت دی کہ باقی تمام اسکولوں میں بجلی، پانی، فرنیچر اور باؤنڈری وال وغیرہ کا کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل معیار کے ساتھ ہونا چاہئے۔ انہوں نے تمام ڈپٹی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹس اور بلاک ڈیولپمنٹ افسران کو ہدایت دی کہ وہ اگلے دو دنوں کے اندر اپنے علاقے میں دیے گئے ہدف کے مطابق اسکولوں کا معائنہ یقینی بنائیں۔ انہوں نے تمام بچوں کے آدھار کارڈ بنوانے کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپریشن کایا کلپ یا نپن بھارت یوجنا وغیرہ پر عمل آوری میں ان کی سطح پر کسی بھی مسئلے کو حل کرنا ممکن نہیں ہے تو وہ فوری طور پر چیف ڈیولپمنٹ آفیسر کو مطلع کریں تاکہ اس مسئلہ کو حل کیا جا سکے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ تمام بلاک ایجوکیشن افسران کاموں کی پیش رفت کے بارے میں تمام معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ ہونے کو یقینی بنائیں۔

نپن بھارت مشن کے تحت تمام بلاک ایجوکیشن افسران خود اسکولوں کا تعلیمی دورہ کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ طلبا کو معیاری تعلیم میسر ہے اور تعلیم کی سطح پرائیویٹ اسکولوں سے بہتر ہے، تاکہ تمام بچوں کو تعلیم یافتہ بنانے کے ہدف کو جلد از جلد پورا کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے نبھائیں تاکہ آپریشن کایا کلپ کی نپن بھارت یوجنا کو ریاست میں پہلے مقام پر لایا جائے اور اسکولوں میں داخلے میں اضافہ کے ساتھ ساتھ بچوں کی 100 فیصد حاضری کو یقینی بنائیں۔

اس کے بعد، ضلع مجسٹریٹ انکت کمار اگروال نے تمام 6 ریاستی امداد یافتہ مدارس کے منتظمین، پرنسپلوں کے ساتھ منعقدہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ بیسک اینڈ ایجوکیشن آفیسر اور اقلیتی بہبود افسر کو ہدایت دی کہ وہ مدارس میں تعلیمی اور کھیلوں کے مقابلوں کا اہتمام کریں، جس سے کہ مدارس کے طلبا میں جسمانی تندرستی اور ذہنی صلاحیتیں پیدا ہوسکیں۔ انہوں نے بیسک ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ این سی ای آر ٹی کی کتابیں متعلقہ مدارس میں خصوصی طور پر دستیاب کرائی جائیں، تاکہ ان کی بنیاد پر مدارس میں تدریسی کام مکمل کیا جاسکے۔ اس موقع پر چیف ڈیولپمنٹ آفیسر سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بجلی کٹوتی سے پریشان خواتین کا ایس پی آفس پر ہنگامہ

ہاپوڑ (ایس این بی)

زبردست بجلی کٹوتی سے پریشان ویشالی کالونی کی خواتین نے آواس وکاس کالونی میں واقع بجلی محکمہ کے ایس ای کے دفتر پر ہنگامہ کیا۔ خواتین نے کہا کہ مسلسل بجلی کٹوتی سے جینا محال ہوگیا ہے۔ خواتین نے سڑک پر بینچ رکھ کر جام لگا دیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور بجلی محکمہ کے افسران موقع پر پہنچے اور جلد ہی بجلی کٹوتی کے مسئلہ کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی، جس کے بعد خواتین لوٹ گئیں۔ محلّہ ویشالی کالونی کی خواتین جمعہ کی صبح ایس ای کے دفتر پر پہنچیں اور ہنگامہ کرتے ہوئے بجلی محکمہ کے خلاف نعرہ بازی کی۔ خواتین کا کہنا ہے کہ ان کے حلقہ میں ٹرانسفارمر سے متعلق بہت سے مسائل سامنے آرہے ہیں کبھی ٹرانسفارمر کی لیڈ جل جاتی ہے تو کبھی گھنٹوں کے لئے بجلی سپلائی بند کردی جاتی ہے۔ گرمی کے موسم میں بجلی نہ آنے کی وجہ سے لوگوں کا جینا محال ہوگیا ہے۔ لوگ پانی کے لئے ترس رہے ہیں، لیکن کوئی افسر سننے کے لئے تیار نہیں ہے۔ خواتین نے راستہ پر بینچ رکھ کر راستہ بند کردیا، جس کی وجہ سے راہگیروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اطلاع ملتے ہی ایس ای، ایس ڈی او اور پولیس کے افسران موقع پر پہنچے اور کسی طرح خواتین کو سمجھایا، جس کے بعد خواتین لوٹ گئیں، وہیں ایس ای نے بجلی کے مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

غیر قانونی قبضہ ہٹاؤ مہم کے تحت بلدیہ کی انہدامی کارروائی

امروہہ (ایس این بی)

میونسپل کونسل امروہہ نے آج شہر کے چھانگا دروازہ میں غیر قانونی قبضہ ہٹاؤ مہم چلا کر سرکاری نالے کی زمین پر قائم مستقل اور عارضی قبضوں کو ہٹایا۔ اس سلسلے میں مزید معلومات فراہم کرتے ہوئے میونسپل بورڈ کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر برجیش کمار نے بتایا کہ محلّہ چھانگا دروازہ کے باشندگان کے ذریعہ مسجد کے قریب سے والمیکی تراہے تک مرکزی سڑک کے دونوں جانب چھانگا دروازہ کے نیچے واقع مندر تک غیر قانونی قبضہ کرلیا گیا تھا، جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں کو کافی پریشانی کا سامنا تھا، اس لیے غیر قانونی قبضے ہٹائے جانے کا مطالبہ کر رہے تھے۔

واضح ہو کہ عوامی شکایتوں کے موصول ہونے پر موقع کی چھان بین کی گئی اور سرکاری اراضی پر غیر قانونی تعمیرات پائے جانے کے بعد بلدیہ کی جانب سے سرخ رنگ سے نشان زد کیے جانے کی کارروائی کی گئی اور اس کے بعد غیر قانونی تعمیرات کو ہٹایا گیا اور بلدیہ نے کارروائی آج محلّہ چھانگا دروازہ میں واقع مندر مسجد سے لے کر والمیکی چوک تک سڑک کے دونوں جانب غیر قانونی قبضہ ہٹاؤ مہم کے تحت بلڈوزر چلا کر کی۔ اس کارروائی میں ایگزیکٹو آفیسر، ٹیکس سپرنٹنڈنٹ، جونیئر انجینئر، تمام ریونیو انسپکٹر، تمام ٹیکس امین، صفائی اہلکار اور میونسپلٹی کے دیگر محکموں کا عملہ موجود رہا۔

ایگزیکٹو آفیسر نے تمام شہر کے مکینوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری نالے کی اراضی پر تجاوزات نہ کریں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ بلدیہ کی جانب سے 29 جون سے شہر کے مختلف اہم مقامات پر غیر قانونی تجاوزات ہٹانے کے لیے دوسری مہم چلائی جائے گی، مہم میں اگر کوئی میٹریل، تختہ، چبوترہ، تندور، بھٹی وغیرہ یا کنکریٹ کی تعمیرات پائی جاتی ہیں اسے ضبط کرلیا جائے گا اور میونسپل وسائل کا استعمال کرتے ہوئے گرا دیا جائے گا۔ اس لیے تمام عوام الناس سے اپیل ہے کہ وہ سرکاری اراضی یا سڑکوں پر تجاوزات نہ کریں، اگر کوئی تجاوزات ہے تو اسے فوری طور پر ہٹا دیں اور بلدیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

کرنٹ لگنے سے کسان کی موت، ناراض لوگوں نے کیا ہنگامہ

بلند شہر (ایس این بی) بلند شہر کے سیانہ کوتوالی علاقے کے کھادموہن نگر گاؤں میں کھیتوں پر کام کرنے گئے ایک کسان کی کرنٹ لگنے سے موت ہوگئی۔ کسان کی موت کی خبر سے برہم اہل خانہ نے بجلی محکمے کے افسران اور ملازمین پر لاپرواہی کا الزام لگاتے ہوئے لاش کو پاور ہاؤس پر رکھ کر ہنگامہ کیا۔ متوفی کے بیٹے نے الزام لگایا کہ بل کی بقایا رقم جمع کرائی گئی تھی۔ اس کے باوجود بجلی ملازمین نے کنکشن کاٹ دیا۔ موصولہ اطلاع کے مطابق کوتوالی سیانہ کے کھادموہن نگر گاؤں کے رہنے والے پنکج نے بتایا کہ ٹیوب ویل کی بقایا رقم جمع کرادی گئی تھی مگر اس کے باوجود محکمہ بجلی کے ملازمین موقع پر پہنچے اور کنکشن کاٹ دیا۔ الزام ہے کہ کنکشن کاٹنے کے بعد تار کا کچھ حصہ ملازمین اپنے ساتھ لے گئے اور ایک حصہ یونہی چھوڑ دیا تھا جس کی وجہ سے کھمبے میں کرنٹ آرہا تھا۔ بتایا گیا ہے کہ ملازمین نے اوم پال سنگھ کو فون کر کے کنکشن کاٹنے کی اطلاع دی تھی۔ اس کے بعد اوم پال سنگھ بجلی گھر پہنچا اور کنکشن جوڑنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ افسران نے انہیں کچھ دیر میں کنکشن جوڑنے کی بات کہہ کر واپس بھیج دیا تھا۔ جب کسان اپنے کھیت پر پہنچا تو اچانک اس کا ہاتھ کھمبے سے ٹکرا گیا جس میں کرنٹ تھا اور کرنٹ لگنے سے کسان کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ باشندگان کے ہنگامہ کرنے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچی اور انہیں سمجھا کر خاموش کیا۔ بعدہ پولیس نے متوفی کی لاش کا پنچنامہ بھر کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ کوتوالی پولیس نے متوفی کے بیٹے پنکج کی شکایت کی بنیاد پر جے ای سمیت 3 ملازمین کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ تھانہ انچارج نے بتایا کہ معاملے کی جانچ کی جارہی ہے نیز اس سلسلے میں اعلیٰ حکام کو آگاہ کردیا گیا ہے۔

ادبی تنظیم اردو مجلس کی میٹنگ

کانٹھ (ایس این بی) عمری کلاں کی ادبی تنظیم اردو مجلس کی ایک میٹنگ جامع مسجد عمری کلاں میں بعد نماز عشا منعقد ہوئی، جس میں تنظیم کے روح رواں قدیر احمد نے شرکا کو تنظیم کی کارکردگی سے روشناس کراتے ہوئے بتایا کہ بچوں کو اردو کی تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے انگلش میڈیم اسکولوں کے ذمہ داران سے بات کریں کہ وہ رواں سال میں اردو ٹیچر کا نظم کریں گے۔ پبلک انٹر کالج عمری کلاں کے سابق پرنسپل نعمان احمد نے تنظیم کی کوششوں کو سراہا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ آج کی میٹنگ کے صدر مفتی محمد شاہد نے ائمہ مساجد سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطابات کے ذریعے اردو کی تعلیم کے لئے عوامی بیداری کا کام انجام دیں، یہ بھی طے کیا گیا کہ جولائی میں بستی کے 4 مختلف مقامات پر مستورات کے اجتماع منعقد کیے جائیں گے تاکہ ان کو بھی تنظیم کے مقاصد سے روشناس کرایا جائے۔ اس میٹنگ میں اکثر مساجد کے ائمہ، مدارس کے اساتذہ، مولانا ناصر، ماسٹر احتشام، عارف نیاز وغیرہ نے شرکت کی۔

برجیش سنگھ ہوں گے بدایوں کے نئے پولیس کپتان

بدایوں (ایس این بی) حکومت کے ذریعہ عوام کو بہتر پولیس خدمات موصول کرانے کے مقصد سے شروع کی گئی تبادلہ کی کارروائی کے تحت بدایوں کے ایس ایس پی آلوک پریہ درشی کو فروخ آباد بھیجا گیا ہے، جبکہ لکھنؤ میں ایس پی اے ٹی ایس کے عہدے پر تعینات 2013 بیچ کے تیز ترار برجیش سنگھ کو بدایوں کا ایس ایس پی بنایا گیا ہے۔

بقیہ: دھلی ایئرپورٹ کے ٹرمینل ....

مودی نے 3 ماہ قبل جبل پور ایئرپورٹ کا بھی افتتاح کیا تھا۔ وہاں بھی ایک دن پہلے ہی ایئرپورٹ کا شیڈ ایک افسر کی گاڑی پر گر گیا تھا۔ شہری ہوابازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے کانگریس پر جوابی حملہ کیا اور دعویٰ کیا کہ ٹرمینل 1 کا جو حصہ منہدم ہوا تھا اس کی تعمیر اور افتتاح 2009 میں کانگریس کی قیادت والی یو پی اے حکومت کے دوران ہوا تھا۔ واقعہ کے بعد مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو ہوائی اڈہ پر پہنچے اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ وہ اسپتال بھی گئے اور زخمیوں سے ملاقات کی۔ نائیڈو نے کہا کہ ریسکیو ٹیمیں موقع پر کام کر رہی ہیں۔ حادثہ کی تحقیقات کے احکامات دیے گئے ہیں۔ ٹرمینل-1 پر فلائٹ آپریشن اگلے احکامات تک معطل ہیں۔ مرنے والوں کے لواحقین کو 20 لاکھ روپے اور زخمیوں کو 3 لاکھ روپے کا معاوضہ دیا جائے گا۔ نائیڈو نے ٹرمینل 1 کی بندش سے پریشان مسافروں کو رقم کی مکمل واپسی کا حکم دیا ہے۔ اس سے قبل سول ایوی ایشن کے ڈائرکٹر جنرل (ڈی جی سی اے) نے ایئر لائن کمپنیوں سے کہا تھا کہ وہ مسافروں کے لیے متبادل پروازوں کا بندوبست کریں یا قواعد کے مطابق پوری رقم واپس کریں۔ نائیڈو نے حادثہ کے حوالے سے ایک بیان جاری کیا۔ اس میں انہوں نے کہا کہ میں نے ذاتی طور پر سائٹ کا معائنہ کیا ہے۔ ہماری فوری ترجیح تمام مسافروں کو ٹرمینل سے بحفاظت نکالنا تھا، پی ایم نریندر مودی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ہمیں مکمل تعاون کا یقین دلایا ہے۔

بقیہ: نیٹ معاملے پر اپوزیشن کا ....

اس دوران رکن پارلیمنٹ کویتا پاٹیدار نے شکریہ کی تحریک پر بحث جاری رکھی۔ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا کہ 'حکومت ہر طرح کی بحث کیلئے تیار ہے، لیکن سب کچھ روایت اور مریادا کے اندر ہونا چاہیے۔ کل جب صدر جمہوریہ نے خود اپنی تقریر میں امتحانات کے بارے میں بات کی، تو اس سے حکومت کی منشا کا پتہ چلتا ہے کہ ہم کسی بھی ایشو کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ سرکار کی ذمہ داری ملک کے نوجوانوں کے تئیں ہے، ملک کے طلب کے تئیں ہے۔ حکومت اپنا موقف پیش کرنے کے لیے تیار ہے، بھرم کیا ہے؟ ہم سخت سے سخت کارروائی کرنے جارہے ہیں اور سی بی آئی کسی کو بھی نہیں بخشے گی۔ اصلاحات کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی بھی بنائی گئی ہے، ان تمام امتحانات کی تاریخوں کا جلد ہی اعلان بھی کردیا جائے گا۔ میری اپوزیشن سے بھی درخواست ہے کہ وہ سیاست سے باہر آئیں اور بحث میں شامل ہوں۔' ملکارجن کھرگے نے کہا کہ 'یہ راجیہ سبھا کے چیئر مین جگدیپ دھن کھڑ کی غلطی ہے۔ میں ان کی توجہ مبذول کرانے کیلئے اندر گیا تھا۔ لیکن اس کے باوجود وہ نہیں دیکھ رہے تھے۔ وہ صرف حکمراں پارٹی کی طرف دیکھ رہے تھے۔ اصول کے مطابق انہیں میری طرف دیکھنا چاہیے۔ لیکن انہوں نے جان بوجھ کر مجھے نظر انداز کر کے میری توہین کی، تو میرے لیے کیا رہ گیا تھا؟ مجھے یا تو اندر جانا پڑے گا یا بہت زور سے چیخنا پڑے گا۔ نیٹ کا امتحان ہوا ہے، پیپر لیک ہوا ہے، لاکھوں بچے پریشان ہیں، اس لیے ہم نے بحث کا مطالبہ کیا، لیکن انہوں نے اسے موقع ہی نہیں دیا، اس پر دھیان ہی نہیں دیا اور اس لیے ہمیں یہ کرنا پڑا۔'

داروغہ کی حرکت قلب بند ہونے سے اچانک موت

افضل گڑھ (ایس این بی) کوتوالی میں تعینات سپاہی آکاش تومر کی حادثہ میں موت کے بعد آج تھانہ ریہڑ کے داروغہ نریش کمار کی حرکت قلب بند ہونے سے اچانک موت ہوگئی، جس سے دونوں تھانوں سمیت ضلع کی پولیس میں غم کی لہر دوڑ گئی۔ جمعرات اور جمعہ یہ 2 دن مقامی پولیس کے لئے غمزدہ ثابت ہوئے، جہاں ایک جانب تھانہ کوتوالی میں تعینات پولیس اہلکار آکاش تومر نے گزشتہ روز اس وقت دم توڑ دیا جب وہ ڈیوٹی کے دوران گاؤں شاہ پور جمال میں بائک پھسلنے سے ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر شدید طور پر زخمی ہوگئے تھے جن کو فوری طور پر ایک پرائیویٹ اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا، جہاں پر ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا تو دوسری جانب سرکل حلقہ کے تھانہ ریہڑ کے تحت موضع کلووالا کے چوکی انچارج نریش کمار (56) کی اچانک موت ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق چوکی انچارج نریش کمار کچھ دنوں سے علیل تھے، جن کی گزشتہ شب اچانک طبیعت بگڑنے پر ایک پرائیویٹ اسپتال میں داخل کرایا گیا، جہاں پر علاج کے دوران انہوں نے دم توڑ دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ اتراکھنڈ کے رودر پور ساکن نریش کمار 1988 میں سپاہی کے طور پر بھرتی ہوئے تھے اور اگست میں ہی ان کا سپاہی سے داروغہ کے عہدہ پر پرموشن ہوا تھا۔

نگر پنچایت ممبران کا احتجاج تیسرے دن جاری

کانٹھ (ایس این بی) کانٹھ میں چیئرمین اور ممبران کے مابین رسہ کشی ہنوز جاری ہے۔ نگر پنچایت کیمپس میں ممبران کا احتجاجی مظاہرہ آج تیسرے دن بھی جاری ہے۔ 17 میں سے 16 ممبران آج بھی احتجاج گاہ میں موجود رہے، جن میں خواتین بھی شامل ہیں۔ عوامی نمائندگان کے مابین تنازع آخر کیا ہے جو حل ہونے کا نام نہیں لے رہا۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع بجنور کی تمام شاخوں کے صدور واراکین کے ساتھ میٹنگ

نور پور (ایس این بی) مسجد مالکیہ موضع کھاری میں جمعیۃ علماء ضلع بجنور کی تمام شاخوں کے صدور و نظما اور اراکین مجلس عاملہ کی ایک اہم میٹنگ زیر صدارت مفتی اویس اکرم صدر جمعیۃ علماء (بجنور) منعقد ہوئی۔ میٹنگ کی نظامت کے فرائض ضلع کے جنرل سکریٹری مفتی شمس الدین نے انجام دیے۔ تحریک صدارت مفتی محمد جاوید القاسمی نے پیش کی، جبکہ تائید صدارت قاری شعیب نفیس نے پیش کی۔ میٹنگ کا آغاز قاری عبدالباسط کی تلاوت قرآنِ مجید سے ہوا، جبکہ ہدیہ نعت قاری نفیس احمد نے پیش کیا۔ بعدازاں ضلع جمعیۃ سکریٹری مفتی شمس الدین نے ضلع جمعیۃ دفتر کی زمین کے تعلق سے آج تک کی کل آمد شاخوں کی طرف سے تعاون کی تفصیلات اور جن شاخوں سے آج تک دفتر کی زمین کی خریداری میں کوئی تعاون نہ ہوسکا، ان کی تفصیلی رپورٹ پیش کی اور صدر نے بقیہ رقم کی فراہمی کے لیے زور دیتے ہوئے لائحہ عمل مرتب کیا، بعدہ مفتی محمد جاوید القاسمی ناظم جمعیۃ علماء نجیب آباد نے موضع خوشیا ضلع (بجنور) کے امام اور ساکنان قریہ کے درمیان حالیہ تنازع جس میں امام صاحب کے ساتھ مار پیٹ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی اظہار افسوس کیا، جبکہ بعد میں ایس پی کے حکم پر گاؤں کے کچھ لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ اس تنازع کی جانب متوجہ کراتے ہوئے ائمہ حضرات کی آواز کو اٹھایا اور ضلع جمعیۃ کے ذمہ داروں کو اس سلسلے میں بیدار رہنے کی ضرورت پر زور دیا کہ آئندہ اگر کسی مساجد کے ائمہ کو ستایا جاتا ہے یا کسی امام کے ساتھ بدتمیزی کی جاتی ہے تو ضلع جمعیۃ کے ذمہ داروں کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس معاملے میں فوری مداخلت کرتے ہوئے ضروری کارروائی کریں اور مظلوم امام کا ساتھ دیں۔ مفتی محمد جاوید القاسمی کی اس بات کی سب نے تائید کی اور ضلع جمعیۃ کے ذمہ داروں نے آئندہ کے لئے عزم مصمم کیا کہ کسی امام کے ساتھ اگر کوئی بدتمیزی ہوتی ہے تو وہ فوراً ضلع جمعیۃ کے ذمہ داروں سے رابطہ کریں اور اپنی بات سے ان کو آگاہ کریں۔ مولانا کلیم الزماں نے موضع خوشیا کے تعلق سے امام اور مقتدی کے درمیان صلح وصفائی کی تفصیلات پیش کی۔ پروگرام کا اختتام صدرِ مفتی اویس اکرم نگینوی کی دعا پر ہوا۔ اس موقع پر مفتی اویس اکرم، مفتی شمس الدین، مولانا محمد اسلم، مفتی ابرار احمد نگینوی، مفتی محمد جاوید نجیب آبادی، مولانا کلیم الزماں، مولانا اقرار بیگ، مولانا وسیع الحسن، مولانا مختار احمد، مفتی افتخار احمد کرتپوری، قاری تسلیم احمد، حافظ تسلیم احمد، قاری شوکت علی، قاری محمد شمیم، قاری حامد، حافظ نصرالدین، مفتی محمد ناصر وغیرہ نے شرکت کی۔ پروگرام کے کنوینز قاری محمد ناظم کے حسن انتظام سے میٹنگ میں چار چاند لگے اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔